# Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر — مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۳ ذی الحجہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۹ مارچ سنہ ۱۹۳۵ء — جلد


حصہ اول

## احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | عطائے اختیارات عہدۂ "منسٹر" بصاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس | ۲ |
| (۲) | برقراری سلسلہ ملازمت جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر | ۲و۳ |
| (۳) | برقراری سلسلہ ملازمت کپتان معین الدین خاں (سکنہ رامپور مرتضیٰ انفنٹری) | ۳ |

## آرڈرز از اسٹیٹ کونسل رامپور

| | | |
|---|---|---|
| (۴) | تقرر گوپال دیوی بعہدۂ ہندی ٹیچر گرلس اسکول | ۴ |
| (۵) | منظوری منتقلی رقوم از بجٹ ہائی کورٹ وغیرہ۔ | ″ |
| (۶) | قائمی سلسلہ ملازمت سید عبد الہادی محرر محافظ خانہ میگزن ۲ | ۴و۵ |
| (۷) | ″ ″ سید ارشاد علی اہلمد اجلاس ہمایوں | ۵ |
| (۸) | منظوری رخصت فیروزہ بیگم اسسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر | ۶ |


مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

# احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

**روبکار:** مورخہ ۲ مارچ ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

مسٹر جی۔ ڈی۔ پارکن صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو عہدہ "منسٹر" کے اختیارات عطا کئے جاتے ہیں۔ وہ صیغہ پولیس کا کام بحیثیت منسٹر انچارج پولیس انجام دیں گے۔ مگر "انسپکٹر جنرل" کے نام سے بدستور موسوم ہوں گے۔

(۲) صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس رکن اسٹیٹ کونسل ہوں گے۔

(۳) حسب دفعہ (۷) روبکار مصدرہ ۱۱ جنوری ۱۹۳۵ء صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کا ابتدائی حکم کسی انسپکٹر یا سب انسپکٹر رینک کے افسر کے تنزل یا برخاستگی کے بارہ میں ہو تو اس کا اپیل گورنمنٹ رامپور میں ہوتا ہے اب ان کے ان احکام کا اپیل صرف حسب ذیل دو ممبران کے روبرو ہوگا

(۱) صاحب چیف منسٹر بہادر

(۲) اسٹیٹ کونسل کے ایک ممبر جن کو صاحب چیف منسٹر بہادر نامزد کریں گے

(۴) اس سلسلہ میں پولیس ریگولیشن میں ترمیم کردیجائے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام مرقومہ بالا جاری ہوں ایک نقل اسٹیٹ گزٹ م

**حکم:** مورخہ ۶ مارچ ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

بموجب رپورٹ جسٹس محمود شاہ خاں بہادر کا سلسلہ ملازمت برقرار رکھا جانا منظور ہے ایام بے کاری کی تنخواہ نہیں ملیگی کاغذات برائے کارروائی اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس ارسال ہوں

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض ... پیرسانہ

جناب عالی!

جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر کا ریاست میں ابتدائی تقرر بحکم ۱۷ جولائی ۱۹۳۰ء ہوا تھا۔ ۳۰ ستمبر ۱۹۳۳ء کو ملازمت سے علیحدہ ہو کر ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۳ء کو سابقہ عہدہ پر بحال ہوئے۔ ایک سال انیس یوم ملازمت سے علیحدہ رہے۔ جس کی تصدیق اکاونٹ آفس سے ہو چکی ہے۔ انکی استدعا پر صاحب چیف جسٹس بہادر نے با... قائمی سلسلہ ملازمت کاغذات ارسال کئے۔ ... کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲ مارچ ۱۹۳۵ء میں پیش ہو کر ... تجویز ہوئی کہ بابت قائمی سلسلہ ملازمت پیشگاہ والا میں ... سفارش کی جائے۔ ترقی خواہ مستدعی ہے کہ حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ تنخواہ ایام علیحدگی دلائے جانے کا قاعدہ نہیں ہے۔

الادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

ترقی خواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۹ر مارچ ۱۹۳۵ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

۹ر مارچ ۱۹۳۵ء　　دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

---

**حکم**:- واقع ۹ر مارچ ۱۹۳۵ء

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

بموجب رپورٹ کپتان معین الدین خاں سکنڈ
رامپور مرتضےٰ انفنٹری کا ۱۳ر اکتوبر ۱۹۲۵ء سے
سلسلۂ ملازمت برقرار رکھا جانا منظور ہے۔
ایام بیکاری کی تنخواہ نہیں ملے گی۔ سررشتہ
صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی ہیڈکوارٹرز
سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

---

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض　　　　　　　　　پیرساند

جہاں پناہا!

کپتان معین الدین خاں صاحب سکنڈ انچارج
مرتضےٰ انفنٹری برقراری سلسلۂ ملازمت سابقہ
کے بذریعہ درخواست ہمرشتہ مستدعی ہیں۔
ان کی کیفیت یہ ہے کہ ۱۳ر اکتوبر ۱۹۲۵ء
کو ان کا ابتدائی تقرر ہوا۔ اور بجگہ ۱۹ر اپریل ۱۹۳۴ء
ہشت ماہ ونیشن یوم ملازمت سے علیحدہ ہو کر بجگہ

۱۰ر جنوری ۱۹۳۵ء پر مقرر ہوگئے۔ جسکی تصدیق میں
اکاؤنٹنٹ جنرل آفس کی رپورٹ ثبت ہے۔ چونکہ
کمانڈنگ افسر صاحب متعلقہ بھی سفارش کرتے ہیں
اس لئے ترقی خواہ بھی امیدوار ہے کہ ان کا سلسلہ ملازمت
سابقہ از تاریخ ابتدائی تقرر ۱۳ر اکتوبر ۱۹۲۵ء برقرار
رکھے جانے کی پیشگاہ ہمایوں سے منظوری فرمائی جائے
جملہ کاغذات بذریعہ عرضداشت ہذا ملاحظہ
حضور انور میں پیش ہیں۔ آفتاب دولت و اقبال
تاباں باد۔ فقط

ترقی خواہ دستخط صاحب کرنل آفیسر انچارج
معروضہ ۹ر مارچ ۱۹۳۵ء

---

# آرڈر ان اسٹیٹ کونسل رامپور

## آرڈر ان اسٹیٹ کونسل :- واقع ۴ مارچ ۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲ مارچ ۱۹۳۵ء میں کاغذات تقرر گوپال دیوی مڈل پاس باشندہ علاقہ غیر بعہدہ ہیڈ مسٹرس خورشید گرلس اسکول بشاہرہ [illegible] معہ منظوری مصارف سفر از الور تا رامپور بصورت خاص پیش ہو کر طے پایا کہ :-

بجائے دو جدید آسامیان منظور شدہ بجٹ سال رواں کی [illegible] ماہانہ کو تین آسامیاں ایک [illegible] ماہانہ کی اور دو [illegible] ماہانہ کی منظور کیجاتی ہیں۔

دو آسامیاں [illegible] اور [illegible] کی تبدیلی اندریں پر ہو چکی ہیں تیسری آسامی [illegible] ماہانہ پر گوپال دیوی باشندہ علاقہ غیر کا تقرر تاریخ کارکردگی سے حسب اتفاق رائے سروس سلکشن بورڈ منظور کیا جاتا ہے اس انتظام میں [illegible] ماہانہ کی بیشی ہوتی ہے جس کی گنجائش خورشید گرلس اسکول کے بجٹ موجودہ و آئندہ سے نکالی جائے۔

الور سے رامپور تک واقعی مصارف آمد کا بصورت خاص دلایا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔

## آرڈر ان اسٹیٹ کونسل :- واقع ۴ مارچ ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ مارچ ۱۹۳۵ء میں حکم صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۲ فروری ۱۹۳۵ء بابت منظوری منتقلی رقوم مفصلہ ذیل

۱- از مد مشاہرات بجٹ ہائی کورٹ مالیہ [illegible] در مد مشاہرات بجٹ ال جی
" رول اپیلٹ ماتحت [illegible]
۲- " " " [illegible] در مد فوجداری
۳- " " " [illegible] در مد فرنیچر بجٹ جیل [illegible]

پیش ہو کر طے پایا کہ :-

حکم منتقلی سے کونسل کو اتفاق ہے لیکن منسٹر صاحبان کو واضح رہے کہ اس قسم کی منتقلیاں غیر مناسب ہیں آئندہ سال کا بجٹ مصارف کے صحیح اندازہ کے ساتھ اس طرح مرتب کیا جائے کہ آئندہ منتقلی کی ضرورت واقع نہ ہو۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ آرڈر ہذا بعد اجرائے احکام شامل کاغذات متعلقہ کیا جائے۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری اسٹیٹ کونسل

## آرڈر ان اسٹیٹ کونسل :- واقع ۴ مارچ ۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ مارچ ۱۹۳۵ء میں کاغذات برقراری سلسلہ ملازمت سید عبد الہادی

محرر محافظ خانہ بیاشن ـــ پیش ہو کر طے پایا کہ:-

حسب تصدیق اکاؤنٹ آفس نامبردہ کا سلسلہ ملازمت ۲ر نومبر ۱۹۳۰ء سے برقرار رکھا جانا منظور ہے ایام علیحدگی کی تنخواہ نہیں دلائی جائیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر
(اسٹیٹ کونسل)

## آرڈر ان اسٹیٹ کونسل:-

واقع ۴ر مارچ ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ر مارچ ۱۹۳۵ء میں کاغذات برقراری سلسلہ ملازمت سید ارشاد علی اہلمد اجلاس ہمایوں پیش ہو کر طے پایا کہ:-

حسب تصدیق اکاؤنٹ آفس نامبردہ کا سلسلہ ملازمت ۳ر اکتوبر ۱۹۳۱ء سے برقرار رکھا جانا منظور ہے زمانہ بیکاری کی تنخواہ نہیں دلائی جائیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر
(اسٹیٹ کونسل)

# حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل

۶ مارچ ۳۵ء

فیروزہ بیگم اسسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر مشاہرہ وار (انتیس روپیہ) نے بضرورت ذاتی چودہ روز کی رخصت رعایتی کی خواستگاری صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر نے یوم استفادہ سے منظوری رخصت کے لئے سفارش کی ہے۔ رپورٹ اکاؤنٹنٹ جنرل آفس سے رعایتی رخصت مطلوبہ کا استحقاق ثابت ہے لہذا حسب تحریر صاحب ہوم ممبر بہادر فیروزہ بیگم اسسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر کی رخصت رعایتی چودہ یوم از تاریخ استفادہ منظور کی جاتی ہے۔ بعد اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر اصل کاغذات بہ اسٹیٹ کونسل میں پیش ہوں اور درج گزٹ ہو۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)